اس میں شک نہیں کہ ہندوستان روز اول سے ہی سرمایہ دارانہ نظام زندگی کو اپنایا ہوا ہے زمانہ سے وہ اسکی فطرت ثانیہ بن گیا ہے اور اس پر نہایت سختی کے ساتھ مذہبی چھاپ لگی ہوئی ہے ۔ اس حالت میں یہاں سوشیلزم ایک انوکھا عجیب وغریب بے جوڑ نظام زندگی ہے گاندھی جی کی لیڈری کے ساتھ ہم اس لفظ سے مانوس ہوئے اور کانگریس نے اسے اپنا نظام زندگی قرار دیا اور جب ہندوستان میں کانگریس پارٹی کی حکومت قائم ہوئی تو اس نے اسے قومی نظام زندگی قرار دیا اور اسکی تبلیغ کی طرف عملی قدم بڑھایا ملک کا دستور اسی نظام زندگی کے پیش نظر مرتب کیا گیا مگر قدیم سرمایہ دارانہ نظام زندگی کے مقابل جیسی کامیابی حاصل ہونی تھی حاصل نہیں ہوئی ۔ آج شریمتی اندرا گاندھی کے دور حکومت میں یہ بدقت تمام بہت کچھ آگے بڑھ گیا ہے جس سے قدامت پسند متعصبین بوکھلا گئے ہیں

یہ ایک حقیقت ہے کہ ہندوستان کا شمالی حصہ خصوصاً اس کا ساحل آج سے آٹھ دس صدیاں قبل یعنی نوایتوں کے قافلے یہاں آنے کے ساتھ سوشیلزم نظام زندگی سے مانوس ہو گیا تھا ۔ اگرچہ نوایتوں کا یہ اسلامی سوشل نظام زندگی موجودہ یورپ کا پیدا کردہ سوشل نظام زندگی سے بہت کچھ الگ ہے ۔ بلکہ ایک حد تک جداگانہ حیثیت رکھتا ہے کیونکہ اسلامی سوشل نظام زندگی نہ آمرانہ نظام زندگی کا مخالف ہے نہ سرمایہ دارانہ نظام زندگی کا کیونکہ وہ ان سے ٹکرانے کی جگہ ان کی ایسی اصلاح کرتا ہے کہ وہ بے اختیارانہ مساوات کے تابع ہو جاتے ہیں اس اطاعت سے ایک نئی زندگی پاکر افادی پہلو سے زندگی بخش بن جاتے ہیں ۔ اسکے علاوہ اسلامی سوشل نظام زندگی اور موجودہ یورپ زادہ سوشل نظام زندگی میں ایک اہم اختلافی بات یہ ہے کہ اسلامی سوشل نظام زندگی انسان کی زندگی کے ہر پہلو پر اثر انداز ہوتا ہے برخلاف اسکے یورپ زادہ سوشل نظام زندگی صرف معاشی اور اقتصادی زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے

اسلامی سوشل نظام زندگی کفایت شعاری اور ضروریات زندگی میں بہت کچھ سادگی اختصار امداد باہمی یکجہتی اور باہمی ہمدردی وتعاون کی مضبوط بنیادوں پر قائم ہے نوایت برادری کی زندگی کا ہر پہلو اس کا بین ثبوت پیش کرتا ہے ۔

نہایت تعجب کی بات ہے کہ نوایت برادری میں آپ کو ایک بھی پیشہ ور بھکاری نہ ملیگا ۔ باوجودیکہ اس برادری میں پیشہ ور بھکاریوں سے زیادہ مجبور اور معذور افراد موجود ہیں ۔ ان معذوروں اور مجبوروں کی زندگی کی ضروریات کیسے مہیا ہوتی ہیں بظاہر کچھ معلوم نہیں ہوتا ۔ دیکھنے میں سب خوشحال اور فارغ البال نظر آتے ہیں یہ اسلامی سوشل نظام زندگی کا کرشمہ ہے ۔

نوایت برادری کے ہر خاندان میں سرمایہ دار جہاں بھی ہیں رمضان المبارک میں نہایت سختی اور توجہ کے ساتھ زکواۃ ادا کرتے ہیں اس فرض مذہبی کی ادائیگی میں کوئی کبھی کوتاہی نہیں کرتا اور اسکی تعلیم میں مذہبی احکام کی سختی اور توجہ سے پابندی کی جاتی ہے ۔

شریعت کے موافق پہلے اپنے قرابت دار پھر برادری کے مستحق افراد ہی ان کے پیش نظر ہوتے ہیں ۔ یہ بات بھی آج کے دور میں تعجب انگیز اور انوکھی سمجھی جائیگی کہ کوئی غریب زکواۃ کا مستحق نوایت اپنی برادری کے کسی سرمایہ دار سے نہ زکواۃ کا مطالبہ کرتا ہے اور نہ اسکے حصول کے لئے اسکے دروازہ پر جاتا ہے بلکہ نوایت برادری کے سرمایہ دار برادری کے زکواۃ کے مستحقین کے گھر جاکر زکواۃ تقسیم کرتے ہیں یا کسی کے ذریعے روانہ کرتے ہیں ۔ میں جانتا ہوں نوایت برادری کے سرمایہ دار زکواۃ کی ادائگی اور تقسیم میں خوف خدا اور اخلاص کے ساتھ شریعت کے احکام پر عمل کرنے میں نہایت سخت ہوتے ہیں ۔ اور اس معاملہ میں شہرت طلبی یا احسان جتانے کا شائبہ تک نہیں ہوتا ۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ جس کا کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ نوایت برادری کے سرمایہ داروں کی زکواۃ برادری کے کمزور طبقے کی زندگی سنبھالنے میں بہت کچھ معاون ثابت ہوتی ہے ۔

سوشیلزم کا زبانی دعوے اس وقت تک قابل قبول نہیں ہو سکتا جب تک اسکی زندگی کے ہر پہلو سے اس کا عملی ثبوت نہ ملے ۔ چنانچہ نوایت برادری کے ہر فرد کی زندگی کے ہر پہلو سے ہمیں ان کے سوشلسٹ ہونے کا ثبوت ملتا ہے ۔ آپ ان کے لباس ہی کو لیجئے ہر ایک فرد ایک ہی قسم کا مختصر اور سادہ لباس زیب تن کرتا ہے جسے دیکھ کر ہم اس برادری کے افراد میں غریب امیر اور متوسط طبقے کا امتیاز نہیں کر سکتے ۔ یہ لباس کفایت شعاری سادگی مساوات اور ذہنی یکجہتی کا بین ثبوت ہے جسکی تخلیق اور تعمیر کے لئے ہر ملک اور قوم کا سربراہ حکومت بے چین ہے اسی طرح نوایت برادری کھانے پینے وغیرہ میں بھی کفایت شعاری سادگی اور مساوات کا ایسا نمونہ پیش کرتی ہے جس کا ثبوت کوئی قوم کوئی فرقہ اور کوئی برادری پیش نہیں کر سکتا ۔

اس برادری کی ضروریات زندگی کے اسباب اتنے مختصر اور سادہ ہوتے ہیں کہ ان کی زندگی کسی سخت سے سخت معاشی اور اقتصادی انقلاب سے متاثر نہیں ہو سکتی اور وہ ہر معاشی اور اقتصادی انقلاب کا بردبارانہ مقابلہ کر کے ہر حالت میں مطمئن زندگی کے مالک ہو سکتے ہیں ۔

اسلامی سوشل نظام زندگی کے تحت اسکی سادہ زندگی کفایت شعاری اور سخت کوشی انکے اندر خودداری خود اعتمادی بلکہ احساس برتری پیدا کرتا ہے جس سے نہ وہ غربت میں حواس باختہ ہو کر خود فروشی پر آمادہ ہوتا ہے نہ تمول میں فرعونیت کا مظاہرہ کرتا ہے ۔ زمانے کے انقلاب سے اسکے خیالات بدل سکتے ہیں مگر اسکی طبیعت مزاج اور نظریات زندگی بدل نہیں سکتے ۔

اسلامی سوشل نظام زندگی نے اس برادری کو محبت مشقت اور جفاکشی کا ایسا دلدادہ بنا دیا ہے کہ وہ سکون وجمود سے نہایت نفرت کرتا ہے اور ہر ایسے ذریعے معاش سے دور بھاگتا ہے جس میں جسمانی اور ذہنی قوتیں جلا نہ پا سکیں یہی وجہ ہے کہ وہ ہر ملازمت خصوصاً سرکاری ملازمت کو اپنی برادری اور اپنی ذات کے شایان شان نہیں سمجھتی ۔

بعض نوجوان نوائتے اپنی برادری کے سرمایہ دار تاجروں کی ملازمت اختیار کرتے ہیں مگر یہ ملازمت بطور پیشہ نہیں بلکہ تجارت میں تجربہ حاصل کر کے موقع ملنے پر خود تاجر بننے کے لئے اختیار کی جاتی ہے ۔ برادری میں ان ملازموں کی تعداد بہت کم ہے اور یہ نوجوان ملازمت کی وجہ سے اپنی برادری میں اچھی نظروں سے دیکھے نہیں جاتے ۔ کوئی نوایتا سرمایہ اور اقتدار کی بنا پر کسی نوائتے کو مرعوب کر سکتا ہے اور نہ کوئی مرعوب ہو سکتا ہے چنانچہ آپ دیکھ سکتے ہیں کہ سرمایہ دار نوائتے کی دکان کا غریب نوایتا ملازم اپنے مالک سے برابری کے ساتھ گفتگو کرتا ہے اور ہر بات پر دوٹوک جواب دیتا ہے اگر سرمایہ دار نوایتا تاجر اپنے نوائتے ملازم سے کسی بات پر خفا ہو کر اسے ملازمت سے جواب دے تو ملازم کبھی اس سے جدائی کی بات نہیں کریگا اور نہ ملازمت کی بحالی کے لئے خوشامد اور چاپلوسی کریگا بلکہ جواب ملتے ہی کہ اٹھیگا میرا حساب بیباق کر دیا جائے ۔

سرمایہ دار تاجر نوائتے اپنے ہر درجہ کے نوائتے ملازموں کو ایک ہی سفرہ پر اپنے ساتھ لے کر کھانا کھاتے ہیں ان کے کھانوں میں امیر وغریب کا کوئی امتیاز نہیں ہوتا آپ دیکھیں گے سرمایہ دار تاجر نوایتوں کے دکانوں پر جو غریب نوائتے ملازم ہیں ان میں اور سرمایہ دار تاجر نوایتوں میں بظاہر کوئی فرق نظر نہیں آئیگا ۔ جس سے ایک اجنبی ہرگز معلوم نہ کر سکیگا کہ مالک کون اور ملازم کون ۔

اسلامی سوشل نظام زندگی میں دولت واقتدار کا کوئی مقام نہیں اور کسی معاملہ میں غریب وامیر کا کبھی امتیاز نہیں کیا جاتا مروجہ سوشیلزم ایک حد تک اس باب میں اسلامی سوشل نظام زندگی کا نمونہ پیش کرتا ہے عام طور پر غریبی اور امیری میں امتیاز اور اقتدار پرستی اور زرپرستی کا ثبوت نسبت ووصلت کے معاملہ میں بخوبی ملتا ہے کیونکہ یہ بات عام طور پر آج کے انسان کی فطرت ثانیہ بن گئی ہے کہ ہر ایک چاہتا ہے کہ اسکی بیٹی کسی مقتدر یا متمول گھر کی بہو بنے یا اپنے بیٹے کے لئے کسی دولت مند اور صاحب اقتدار کی بیٹی لائی جائے اکثر لوگوں کے دل ودماغ پر اقتدار اور دولت کا نشہ ایسا سوار ہوتا ہے کہ وہ کسی مقتدر اور متمول گھر سے بیٹی لانے اور دینے میں سوائے دولت اور اقتدار کے اور کچھ نہیں دیکھتے مگر نوایت برادری کا دل ودماغ اس لعنت سے بالکل پاک ہے چنانچہ کوئی نوایتا بیٹی دینے اور لانے میں دولت واقتدار کے تحت نہ کبھی سوچا ہے اور نہ سوچتا ہے بلکہ اس معاملہ میں صحت صلاحیت اور اخلاق اس کے پیش نظر ہوتے ہیں ۔ مگر ہر حالت میں اس کی سخت پابندی کی جاتی ہے اس پابندی کی وجہ سے نوایت برادری کی لڑکی نہ غیر نوایت خاندان میں دی جاتی ہے نہ لائی جاتی ہے ہاں کبھی کبھار کسی ایسے غیر نوایت خاندان میں دی گئی یا لائی گئی ہے جسے نوایت برادری اپنا ہم پلہ مانتی ہے مگر یہ استثنیٰ ہے ۔

مگر آج کے ملحدانہ نظریات زندگی اور بے لگام آزادی نے جہاں انسان کو انسانیت کے درجے سے گرا کر حیوانیت سے ہمکنار کر رہی ہے اور جہاں ہر ایک اسی لہر میں بہے جا رہا ہے وہاں نوایت برادری کے بھی اس سے محفوظ رہنے کی امید نہیں کی جا سکتی وہ دن اس برادری کی موت کا دن ہو گا جس دن وہ برادری کے مذکورالصدر خصوصیات وصفات سے محروم ہو جائیگی خدا کرے وہ دن اس برادری پر نہ آئے ۔

دعائے خیر

ہمارے ایک عزیز بیس سالہ ساتھی جناب صوبیدار ابراہیم صاحب اپنی بہترین خدمات ہمارے یہاں انجام دیکر تقریباً تین ماہ قبل اپنی معاشی ترقی کے لئے شارجہ (گلف) گئے تھے ۔ مورخہ ۹ اپریل کو وہ ہم سبھوں کو سوگوار چھوڑ کر ہمیشہ کے لئے رخصت ہو گئے ۔

یہ خبر سن کر ہمیں گہرا صدمہ ہوا ہے ۔ مرحوم ابراہیم صاحب میں ایمانداری حسن اخلاق اور وفاداری کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا ۔ اللہ انھیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔

شریک غم ۔ رشید عبدالرؤف وبرادران ۔ منجیری (کیرالا)

اہلِ کوکن میں تنظیم کا فقدان

عبدالستار پاوسکر

جناب عبدالستار پاوسکر کا یہ مضمون بہت معنی خیز ہے۔ فاضل مضمون نگار نے کوکنی جماعت اور معاشرے میں جن خامیوں کا ذکر کیا ہے۔ وہ جنوبی ہند کی بیشتر مسلم جماعتوں کی طرف بھی اشارہ ہے۔ (ادارہ)

کوکن میں مسلمانوں کی اچھی خاصی جماعت ہے۔ کوکن کے مسلمانوں اور ہندوؤں کا اتحاد و اتفاق اور میل ملاپ قابلِ تعریف ہے۔ کوکن کے ہر گاؤں میں مسلمانوں کی ایک جماعت ہے۔ جو مسلمانوں میں بھائی چارہ اتفاق اور محبت کے لئے کوشاں رہتی ہے۔ یہ جماعتیں مذہبی اور تعلیمی میدان میں تعمیری کام بھی کرتی ہیں۔ بعض جماعتوں کی مالی حیثیت بھی اچھی ہے۔ مگر لوگوں میں اتفاق نام کی کوئی چیز نظر نہیں آتی۔ اتحاد و تنظیم دنیا کی سب سے بڑی طاقت ہے۔ لیکن کوکن کے مسلمان شاید اس حقیقت سے نابلد ہیں۔

آجکل ہر گاؤں کی جماعت میں گروپ بندی ہے۔ یہ گروپ بندی تخریبی کارروائیاں کر رہی ہیں لوگ آپس میں دست و گریبان ہیں۔ ان کا وقت اور روپیہ پیسہ بیکار کاموں میں ضائع ہو رہا ہے۔

بمبئی میں ان جماعتوں کی میٹنگز اکثر رات میں منعقد ہوتی ہیں۔ وقت کی پابندی کوئی بھی نہیں کرتا۔ لوگ رات بھر چھوٹی موٹی باتوں پر لڑتے جھگڑتے رہتے ہیں۔ خوب گرماگرم بحث ہوتی ہے۔ ایکدوسرے پر کیچڑ اچھالا جاتا ہے۔ ذاتیات پر بھی حملے کئے جاتے ہیں۔ صدر سکریٹری کی کوئی وقعت نہیں ہوتی۔ مجلسی آداب کا مطلق خیال نہیں کیا جاتا۔ سب بیکار باتوں میں اپنا اور دوسروں کا وقت ضائع کرتے ہیں۔ اول فول بکتے رہتے ہیں۔ کبھی کبھار ہاتھا پائی تک بھی نوبت آ جاتی ہے۔ یہ ہے مسلمانوں کی جماعت اور ان کے کارنامے ...... !

ان کے لڑائی جھگڑے صرف جماعت کی کارروائی تک محدود نہیں رہتے بلکہ اکثر کورٹ کچہری تک پہنچ جاتے ہیں۔ ہزاروں روپے بے مقصد خرچ کئے جاتے ہیں۔ مگر یہ لوگ اپنی ضد سے باز نہیں آتے۔ کورٹ کچہری کے چکر میں کئی جماعتیں اور ان کے ساتھ کئی لوگ تباہ ہو چکے ہیں۔

ذرا ذرا سی بات پر لوگوں کا حقہ پانی بند کرنا تو عام بات ہے۔ حقہ پانی سے مراد سوشیل بائیکاٹ ہے۔ جو کہ قانوناً جرم ہے۔ جس کا حقہ پانی بند کر دیا جاتا ہے ایسے شخص کا جینا حرام کر دیا جاتا ہے۔ لوگ اس بیچارے کے یہاں کسی تقریب یا شادی بیاہ میں شرکت نہیں کرتے۔ اس کے گھر میں کوئی قدم نہیں رکھتا۔ نہ کوئی اس سے بات چیت کرتا ہے۔ نہ ہی اسے اپنے گھر میں گھسنے دیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر اس کے یہاں کوئی موت ہو جائے تو لوگ میت میں بھی شامل نہیں ہوتے۔ اس معتوب شخص کا گاؤں کی مسجد میں داخلہ بھی بند ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی شخص ایسے معتوب سے ہمدردی ظاہر کرے۔ یا ان قانون کی خلاف ورزی کرے تو اس کا بھی حقہ پانی بند کر دیا جاتا ہے۔

ان گروپ بندیوں نے گاؤں کی تعمیر و ترقی پر بہت برا اثر ڈالا ہے۔ چند گاؤں کو چھوڑ کر اکثر گاؤں میں نہ کوئی اچھا اسکول ہے۔ نہ ہی اسکول کی عمارت ڈھنگ کی ہے۔ تعلیم کا انتظام بہت ناقص ہے۔ گاؤں میں نہ کوئی ڈاکٹر ہے نہ ہسپتال لوگوں کو علاج کے لئے دور دراز کے گاؤں جانا پڑتا ہے۔ یہی حال راستوں کا ہے۔ حکومت گاؤں سدھار کے لئے بہت کچھ کر چکی ہے اور کرنا بھی چاہتی ہے۔ بہت ساری سہولتیں بھی مہیا ہیں مگر جوں کہ ان لوگوں کو لڑنے جھگڑنے سے فرصت ہی نہیں ملتی۔ اس لئے تعمیری کام دھرے کے دھرے رہ جاتے ہیں۔

کوکن کے اکثر گاؤں میں پانی کی بڑی قلت ہے۔ گرمیوں میں کنویں، ندی، نالے خشک ہو جاتے ہیں۔ لوگوں کو پانی حاصل کرنے کے لئے دور دور جانا پڑتا ہے۔ یہ پانی طبی نقطۂ نظر سے نقصان دہ ہے۔ ویسے بھی کنویں کے پانی کی صفائی اور اس میں جراثیم کش دوائیاں ڈالنے کا شاید ہی کسی کو خیال آتا ہے۔ عورتیں کنویں پر پانی بھی بھرتی ہیں۔ گندے کپڑے بھی دھوتی ہیں۔ بعض اوقات لوگ اپنے مویشیوں کو کنویں کے قریب ہی نہلاتے ہیں۔

گاؤں کے لوگوں کو تندرست و توانا ہونا چاہیئے کیوں کہ وہ شہر کے مقابلے میں کھلی ہواؤں میں رہتے ہیں۔ محنت مشقت کرتے ہیں۔ مگر اس کے برخلاف لوگ زیادہ بیمار اور کمزور نظر آتے ہیں۔ اس کی کئی وجوہات ہیں۔ اکثر مکانات ایک دوسرے سے ملے ہوتے ہیں۔ بعض مکانات کافی بڑے اور کشادہ ہوتے ہیں۔ مگر تازہ ہوا کا گذر مشکل ہوتا ہے۔ گھروں میں اندھیرا رہتا ہے۔ کھڑکیاں بہت چھوٹی ہوتی ہیں۔ اکثر گھروں میں دھواں بھرا رہتا ہے۔ گندے پانی کی نکاسی کا کوئی معقول انتظام نہیں ہوتا۔ گھروں کے آس پاس درخت بہت کم ہوتے ہیں۔ یا بالکل ہی نہیں ہوتے۔ گاؤں بھی درختوں سے خالی نظر آتے ہیں۔ ہوا کی کثافت دور کرنے کے لئے درختوں کا ہونا بہت ضروری ہے۔ مگر ان باتوں پر دھیان نہیں دیا جاتا۔ ان کے مویشی بھی بہت کمزور اور بیمار نظر آتے ہیں۔ کھیتی باڑی میں دلچسپی دن بدن کم ہوتی جا رہی ہے۔ لوگ کاہل ہوتے جا رہے ہیں۔ یہ لوگ اپنے گھروں کے اطراف یا نزدیک سبزی ترکاری اگانا بھی پسند نہیں کرتے۔ اکثر لوگ اپنے گھر اور زمین چھوڑ چھاڑ کر شہر آ جاتے ہیں۔

وقت کا تقاضہ ہے کہ مسلمانانِ کوکن ملک میں بدلتے ہوئے حالات کے ہم آہنگ اپنی سماجی اور اقتصادی سدھار کی طرف فوری طور پر توجہ دیں

دو چشمی ھ

محمد علی قمر

طلباء جوں جوں آگے بڑھتے ہیں۔ اپنے قدیم اساتذہ کو بھولتے جاتے ہیں اور ثانوی مدارس میں پہنچنے کے بعد ان استادوں کا وقار و خیال ان کے دل و دماغ سے جاتا رہتا ہے۔ حالانکہ یہی اساتذہ انہیں ابجد شناس بنا کر اس لائق بناتے ہیں کہ وہ آگے چل کر حرف حکایت کی دنیا میں خود بخود چلنے لگیں۔ یہی حال اردو حروفِ تہجی سے متعلق ہے۔ طلباء اسکول کے آخری مدارج تک پہنچ جاتے ہیں۔ الفاظ کی اہمیت اور خوبیوں کو قدر سے سمجھنے لگتے ہیں اور اپنی زبان کی تاریخ سے بھی تھوڑی بہت واقفیت رکھتے ہیں۔ مگر یہ ابتدائی سبق انہیں یاد نہیں رہتا کہ زبان کے اجزائے ترکیبی لفظ اور لفظ کے اجزائے ترکیبی حرف ہیں۔ اور حرف آواز کی نمائندگی کرتا ہے۔ مثلاً "گھر" میں گھر آواز کی نمائندگی "گھ" حرف سے اور "کہر" میں "ک" آواز کی نمائندگی "ہ" حرف سے ہوتی ہے۔

اردو ہندوستان کی زبان ہے۔ مغلیہ دور میں مختلف زبانوں کے ملاپ نے ایک نئی زبان کا روپ اختیار کیا اور یہ زبان مختلف ناموں سے پکاری جانے لگی۔ یہ ہند کی زبان تھی۔ اس لئے ہندوی کہلائی — بعض لوگ اسے ریختہ اور دہلوی بھی کہتے تھے۔ کچھ لوگ اسے اردو کہنے لگے۔ اور یہی نام مقبولِ خاص و عام ہوا۔ اردو نے کسی زبان سے سوتیلی ماں کا سلوک نہیں کیا۔ فارسی، عربی اور ترکی الفاظ کے علاوہ انگریزی الفاظ کو بھی اپنے دامن میں جگہ دی۔ مگر اس میں بیشتر الفاظ خالص ہندوستانی زبانوں کے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج اردو میں بھگت، پتھر، اچھا، چھوٹا، لکھنا، پڑھنا، کبھی، ابھی وغیرہ الفاظ نظر آتے ہیں۔

اردو کا رسم الخط شروع سے فارسی رہا ہے اور فارسی یا عربی حروفِ تہجی میں کوئی حرف ایسا نہیں ہے۔ جو آنکھ کی ھ اور آنکہ کی ہ میں فرق کر سکے۔ اس لئے اہلِ اردو نے دو حرفوں کے میل سے ایک مرکب آواز بنائی اور ایسے حروف کو اور حروف تہجی میں شامل کیا۔ اس طرح بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ، ڑھ، کھ، گھ وغیرہ حروف سے میل پیدا کر کے اردو تحریر کی بعض مشکلوں کو حل کر دیا۔ ان حروف میں پہلے حرف کی آواز سادہ "ہ" کی آواز کے ساتھ مل کر آتی ہے۔ اس لئے ہائے ہوز یعنی معمولی ہ سے امتیاز کرنے کے لئے اسے دو چشمی ھ سے لکھا جاتا ہے۔ اور ان مرکب آوازوں میں سے ہر آواز کو ایک ہی حرف سمجھا جاتا ہے۔ کیوں کہ یہ دراصل گھ، بھ جیسی ہندی آوازوں کو اردو میں منتقل کرنے کے لئے ہے اور ہندی میں یہ حروف مفرد ہیں۔ لہذا گھر دو حرفی اور "کہر" سہ حرفی لفظ ہوا۔

دو چشمی ھ الگ کوئی حرف نہیں ہے۔ بلکہ پھ، گھ، جیسی مرکب آوازوں کی نمائندگی کے لئے اس کا استعمال ہوتا ہے۔ یہ ھ لفظ کے شروع میں کبھی نہیں آتی۔ اس لئے ہونا، ہرے، ہوا۔ ہمت۔ ہلال۔ ہیرا۔ ہلکا۔ ہنانا۔ ہرکارہ جیسے الفاظ میں دو چشمی ھ کا استعمال غلط ہے۔ اردو ٹائپ میں بعض مجبوریوں کے تحت دو چشمی ھ زیادہ مستعمل ہے۔ بعض حضرات ہرج۔ ہوس۔ ہاتھی۔ ہاتھ۔ ہلالی جیسے الفاظ بھی محض حسنِ خط کے لئے دو چشمی ھ سے لکھتے ہیں۔ اسے ان کی حسن پرستی کہیے دو چشمی ھ سے چشم پوشی سمجھئے یا کورچشمی سے تعبیر کیجئے۔ طلباء کے حق میں حسنِ تحریر کی اس ہوس کو کبھی مفید نہیں قرار دیا جا سکتا۔ بہر حال اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ اردو والے اگر اس ھ کو رواج نہیں دیتے تو آج گھر اور گہر۔ کھا اور کہا۔ پھر اور پہر۔ دہر اور دھر۔ بھاؤ اور بہاؤ۔ تھی اور تہی۔ گھی اور گہی۔ بھی اور بہی وغیرہ الفاظ میں امتیاز نہیں ہوتا۔ حرف تہجی کی اس ہمہ گیری نے اردو کو عالمگیر وسعت بخشی اور ہر زبان سے بے لوث محبت کی ادا نے اسے عالم لسانیات کی جہانگیری عطا کی۔

نخلستانِ عمان ٹکون نسيم جانفزا

قومي خدمت پچي واسطي هر تڪليف آسان ٿاهئو!

الخلقان شو روم

روي - مسقط

علم ۽ عمل جو ڪاروان راهِ حق اوپر گامزن رهائو!

ڪوسبو اسٽورس

مطرح - مسقط

اتحاداني تنظيم چي قوت عظيم اچي بتر اسلان.
مشڪل سي مشڪل مسائل آساني سري حل ٿاؤن سڪتا.

ذاڪر حسين جوڪاڪو

مسقط

منتشر دانے يڪجا ٿالان ايڪ سگھڙ هار ٿاتا -

قوما بتر يڪجهتي رهالان هر قدم اوپر جيت حاصل ٿاتا -

ارمار عبدالله

مسقط

اخوت اچو سامان ورٹلو سرمايه اشے - بهائي چارگي اني رواداري چے جذبات سري ازامچي برادري بهلي

آگے ٿاءِ رسڪتا - يڪجهتي سبب نقش نوائط چي جدّ وجهد الله ڪامياب ڪرو - آمين

ايس ايم شڪيل بن شميم و **محتشم حسن سائب**

مسقط مسقط

عظمت و رفعت چي منزل اوپر

زينه به زينه ترقي چي رفتار مبارڪ ٿاوء -

رڪن الدين محمد اشرفي

مسقط

پاتے پاتے ملون فول نڪمل ٿاتا -

رنگ برنگے فولے ملون ايڪ حسين گلدسته ٿاتا -

نقش چو حسين گلدسته هميشه سرسبز و شاداب رهاؤ

ڪودا محمد اقبال مسقط

ڪائنات چو ذرّه ذرّه الله چي ڪبريائي بيان ڪرتا

مگر نادان انسان دنيوي جاه وجلال

بتر ورٹلے پن تلاش ڪرتا -

يا الله هر انسانا ڪ چشمِ بصيرت

عطا ڪر ! آمين

عبّاس شاه بندري منڪوي

مسقط

ايڪ جهتي چو علمبردار

اچو قومي اخبار

نوائطِ برادري سبب پانگع دل ثابت ٿاؤ

نصير نواز ...

گوائي واگ محمود

مسقط

الله دا کھٹلی راهِ مستقيم سوڑون،

مسلمانانِ عالم نظرياتي بهول بهليّاں بتر

بهٹکتے واٹيت -

يا الله سيدهي واٹے طرف سچے دل راغب ڪر!

سيّد نذير پير زادے

علم اور دولت کا تضاد

جناب محمد اشرف دوبئی

اس حقیقت کو کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ علم ایک ایسا خزانہ ہے کہ جو کبھی خالی نہیں ہوتا اور علم کے اس خزانہ کو جتنا بھی خرچ کرنا چاہیں اس میں کبھی کمی نہیں آسکتی ۔ اس کے برعکس دولت کا حال یہ ہے کہ دولت کے خزانہ میں عارضی طور پر بھرتی ممکن ہے لیکن دائمی طور پر بھرتی ممکن نہیں ہے

علم انسان کی زندگی کو اس فلسفۂ حیات سے روشناس کراتا ہے جس کی ضرورت انسان کو ہمیشہ سے رہی ہے ۔ علم انسان کو دوسروں کا محتاج نہ رہنے اور کسی کا دست نگر نہ بنے رہنے کی تعلیم دیتا ہے ۔ یہ انسان کو خود کفیل، خود شناس، خود اعتماد بنے رہنے کی ترغیب دیتا ہے ۔ اسی کی بدولت انسان کے اندر حیوانیت و شیطانیت کا عنصر باقی نہیں رہتا ۔

دولت کی وجہ سے انسان اپنے آپ کو باوقار، باعزت سمجھ کر دوسروں کو حقیر بے عزت اور ادنیٰ درجہ کا تصور کرتا ہے ۔ اسی کے سبب ہی انسان ہمیشہ کئی طرح کی برائیوں کا مرتکب رہا ہے ۔

اہل علم کی زندگی ہمیشہ خطرات سے دور ہوتی ہے ۔ وہ ہمیشہ آنے والے خطرات وحادثات کا صحیح اندازہ اپنے گزرے ہوئے واقعات وحادثات کی روشنی میں صاف دیکھ سکتا ہے ۔ اور اس واقعات وحادثات کی روشنی میں وہ آنے والے خطرات کو روک سکتا ہے ۔ اس کیلئے زندگی ایک پرخار شاہراہ کے مانند ہونے پر بھی وہ تیز رفتاری سے چل سکتا ہے ۔ اور بدلے ہوئے حالات کو موڑ کر اپنی طرف کر سکتا ہے ۔ اسی طرح خطرات کو ٹال کر ہمیشہ پرسکون اور پرامن زندگی گزار سکتا ہے ۔ اس کے برعکس دولت مند اپنی دولت کے گھمنڈ میں ان تمام آنے والے حوادثات زمانہ سے بے خبر رہتا ہے ۔

اہل علم کی اہمیت ایک چراغ کے مانند ہے جو خود جل کر دوسروں کو روشنی پہونچاتا ہے ۔ بالکل اسی طرح ایک اہل علم کو چاہئے کہ وہ اپنے علم سے دوسروں کو فیض پہونچائے اور کتمان علم سے احتراز کرے ۔

سخت مصیبت میں گھرے ہوئے انسان کو علم و حکمت ہی ایک ایسا ذریعہ ہے جو الجھن کی تمام گتھیوں کو سلجھا دیتا ہے ۔ لیکن اہل ثروت اس فن و ہنر اور حکمت سے بالکل نابلد ہوتے ہیں ۔

جس طرح زیور عورت کی خوبصورتی کو دوبالا کر دیتا ہے ۔ بالکل اسی طرح مرد کیلئے علم جوہر کی مانند ہے

کہا جاتا تھا کہ قارون کا خزانہ کبھی خالی نہیں ہوتا تھا اور تاریخ میں یہ واحد شخصیت تھی جس کے خزانے کو کبھی کمی واقع نہیں ہوئی تھی ۔ قدرت نے قارون کے خزانے کو بھی خالی کر دکھایا اور اس کا خزانہ بھی دیکھتے ہی دیکھتے مفقود ہو گیا ۔ کہنا یہ ہے کہ علم کو کبھی زوال حاصل نہیں ہے ۔ دولت و ثروت دنیا میں کبھی بھی کسی کو راس نہیں آئی ۔ دولت کے بدولت صرف شہرت و ناموری کے سوا کسی کو کبھی کچھ نہیں ملا اسلئے کہ دولت کو زوال حاصل ہے ۔ یہ دھوپ چھاؤں کی طرح ہے جو آج اس کے سر پر تو کل اس کے سر پر ۔

تعلیم یافتہ ہمیشہ دوسروں کے سامنے سرنگوں رہتا ہے ۔ وہ اپنے آپ کو اس درخت کے مانند سمجھتا ہے جس پر زیادہ پھل لگ گئے ہوں جس کی وجہ سے درخت جھک جاتا ہے ۔ مطلب یہ ہے کہ اہل علم و ہنر ہمیشہ دوسروں کے ساتھ جھک کر پیش آتا ہے اور کبھی اپنے علم پر اتراتا نہیں ہے ۔ مگر دولت مند اپنی دولت پر گھمنڈ اور غرور کرتا ہے ۔ اپنی دولت پہ اتراتا ہے، زمین پر اکڑ کر چلتا ہے ۔

یہ ایک مسلّم حقیقت ہے کہ جس گھر میں اچھی تعلیم و تربیت والے ہوں وہ گھر ہمیشہ دنگے فساد، فضول بحث، لڑائی جھگڑوں سے اور اسی طرح کئی برائیوں سے دور رہتا ہے وہ گھر ہمیشہ پرسکون اور پرامن رہتا ہے ۔ اور جہاں تک دولت کا تعلق ہے یہ صرف نرم بستر مہیا کر سکتی ہے لیکن میٹھی نیند نہیں

صدیوں سے لوگ علم حاصل کرنے والوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے آئے ہیں یہ صرف اس لئے تھا کہ اس وقت علم حاصل کرنے والے بہت کم تھے ۔ علم کا چرچا زیادہ تھا ۔ علم حاصل کرنا عبادت کے برابر تصور کرتے تھے ۔ اور بڑی محنت و کاوش سے حاصل کر لیتے تھے ۔ سماج میں ان کو قدر کی نگاہوں سے دیکھا جاتا تھا ان کی تعظیم کی جاتی تھی ۔ معاشرے میں ان کو انفرادیت حاصل رہتی تھی ۔ لیکن دور حاضر کا حال یہ ہے کہ اب علم حاصل کرنے والوں کو وقعت و رفعت حاصل نہیں رہی ۔ یہ اس لئے کہ اب علم کو قدر کی نگاہ سے دیکھنے والے شاذ و نادر نظر آتے ہیں ۔ اور علم تمام لوگوں تک پہونچ کر عام ہو چکا ہے ۔ علم و دانست رکھنے والے اپنی پوری صلاحیت و قابلیت کو اچھے منصوبوں کو سوچنے سمجھنے پر صرف کرتے ہیں لیکن اہل ثروت کا حال یہ ہے کہ ان میں فضول خرچی، ریاکاری، اقرباپروری زیادہ ہوتی ہے ۔ جو کہ ایک مذموم عادت ہے علم و حکمت کی تضحیک صرف وہی لوگ کرتے ہیں جو زندگی کے صحیح معنی اور مقصد سے بیگانہ ہوتے ہیں ۔ ان کا شیوہ صرف اہل علم کی ٹوپی اچھالنا ہوتا ہے ۔

بقیہ شبستان مدینہ کا جشن

صحابیٔ روضہ اقدس ...

صلّوا علیہ و سلّموا تسلیما

(یہ آپ کا روضۂ اقدس ہے جو خوشبو بکھیر رہا ہے ۔ اے لوگو ! آپ پر صلوٰۃ و سلام بھیجو)

وعظ سے پہلے شیخ صدرالدین نے اس مقام کے اجلال و احترام اور رعب و داب کے پیش نظر اپنے عجز و تقصیر کا اعتراف کیا اور کہا کہ ایک عجمی گونگا افصح العرب صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیسے لب کشائی کی جرأت کر سکتا ہے ۔ ان کا وعظ کافی دیر تک ہوا ۔ تاثیر کا یہ حال تھا کہ سامعین کی روح پر وجد و کیف اور جسم پر خوف و خشیت کا عالم طاری تھا ۔ لوگ عقل و خرد سے بیگانہ ہو کر مجنونانہ وار ان پر ٹوٹ رہے تھے اور گناہوں سے توبہ و استغفار کر کے ان کے سامنے اپنی پیشانیاں رکھتے تھے ۔ اور وہ ایک ایک کی پیشانی کا بال کاٹ کاٹ کر اپنا عمامہ اس پر رکھتے تھے ۔ اور مجمع میں سے کوئی آدمی اٹھ کر شیخ کا عمامہ اتار کر اپنا عمامہ ان کے سر پر رکھ دیتا تھا ۔ یہ سلسلہ دیر تک چلتا رہا اور بہت سے توبہ کرنے والوں کی پیشانی کے بال کاٹے گئے اور ان کے سر پر عمامے رکھے گئے ۔

اسکے بعد شیخ صدرالدین نے مجلس وعظ ختم کرتے ہوئے حاضرین سے کہا کہ لوگو ! میں نے ایک رات حرم ... مکہ مکرمہ میں آپ کے سامنے دینی گفتگو کی اور آج کی رات حرم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ لوگوں کو وعظ سنایا ۔ اور ہر واعظ میں کوئی نہ کوئی تقصیر ہوتی ہے ۔ میں آپ سے اپنی ایک حاجت بیان کرنا چاہتا ہوں بشرطیکہ آپ اسے پورا کریں اس پر لوگوں نے بے پناہ عقیدت و محبت کے جذبات کے ساتھ بلند آواز سے اسکا اقرار کیا ۔ تو شیخ صدرالدین نے کہا کہ آپ لوگ ننگے سر ہو کر ہاتھ پھیلائیں اور دعا کریں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے راضی ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ کو مجھ سے راضی کرا دیں یہ کہکر شیخ صدرالدین نے مجمع کے سامنے اپنے گناہوں کو شمار کر کے ان کا اقرار و اعتراف کیا اور سارا مجمع سر ننگے ہاتھ پھیلائے ہوئے ان کے لئے رو رو کر دعائیں کر رہا تھا علامہ ابن جبیرؒ کا بیان ہے کہ میں نے اس رات سے پہلے اس قدر گریہ و بکا اور خشوع و خضوع کا عالم کبھی نہیں دیکھا تھا ۔

اس کے بعد مجلس وعظ ختم ہوئی اور لوگ ایک ایک کر کے نکل گئے ۔ حتیٰ کہ خاتون بنت امیر مسعود بھی اپنی جگہ سے اٹھ کر باب قیام میں پہنچ گئیں ۔ جب وہ ... کو معلوم ہوا کہ شیخ صدرالدین مسجد نبویؐ میں آگئے ہیں اس کا پردہ ہٹا دیا گیا اور وہ چادر اوڑھے ہوئے اپنے حشم و خدام اور باندیوں کے جھرمٹ میں بیٹھی رہیں ۔

علامہ ابن جبیرؒ کا بیان ہے کہ آج مدینہ منورہ میں اس خاتون کی شاہانہ شان و شوکت اور اسکے مقابلہ میں شیخ صدرالدین کی باوقار، پرعظمت اور شاندار مجلس، ان کا شاہانہ انداز، ان کے ملازموں اور عقیدتمندوں کی کثرت کو ہم نے دیکھ کر دین و دنیا اور علم و دولت کا نہایت حسین امتزاج دیکھا اور شیخ صدرالدین کے جاہ و جلال کے سامنے بادشاہوں کا رنگ پھیکا نظر آیا ۔ (رحلہ ابن جبیر اردو ص ۱۵۴ تا ۱۵۶)

خاتون بنت امیر مسعودؒ کی دینداری، محبت رسول اور دینی ذوق و شوق کے ساتھ صدقات و خیرات کے مظاہر ہمارے لئے بڑے پرکشش ہیں ۔ اللہ تعالیٰ نے ہم میں ایسی بہت سی بنات اسلام پیدا فرمائے ۔ مگر امام صدرالدین شافعی اصفہانیؒ کی ذات والاصفات میں جذب و کشش کا کچھ اور ہی رنگ ہے ۔ اسلام اور مسلمانوں کے حق میں ان کی دینی و علمی خیرات گویا نور برسات ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے علمی و دینی جاہ و جلال کے سامنے خاتون بنت امیر مسعود نے بھی اپنی شاہانہ شان و شوکت ان کے قدموں پر ڈال دی ۔ ... علم دنیا کے سب سے پہلے مدرسہ مسجد نبویؐ میں علم دین کی شان و شوکت کے مناظر ہمیشہ نظر آتے ہیں ۔




جمعرات ۱۶ محرم ۵۸۰ھ کو مدینہ منورہ میں صبح سے ہی بڑی چہل پہل ہے۔ اہل مدینہ بارہا اس قسم کی چہل پہل دیکھ چکے ہیں۔ آئے دن ان کی مقدس اور پاک بستی میں دنیا و دین کی رونق باہم ہوا کرتی ہے۔ اور وہ اس طرح کے حسین و پاکیزہ جشن منعقد رہتے ہیں۔ مگر آج کا رنگ کچھ اور ہی ہے آج حاکم موصل امیر مسعود کی شاہزادی خاتون حج و عمرہ سے فارغ ہو کر پورے شاہی احتشام اور حشم و خدم کے ساتھ سید الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وسلم کے دراقدس پر نذرانۂ عقیدت پیش کرنے کیلئے حاضر ہونے والی ہے جس کی داد و دہش اور دینداری کا دھوم مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ تک آ گئی ہے۔ اور آج ہی رئیس العلماء امام صدر الدین شافعی اصفہانی اپنے ملک کے امراء سمیت آج کی معیت میں مدینہ منورہ آنے والے ہیں۔ جو اپنے علم و فضل اور زہد و تقویٰ کی وجہ سے مسلمانوں میں شاہ و شہنشاہ سے زیادہ معزز و محترم مانے جاتے ہیں۔ اور ان کا خاندان صدیوں سے اقلیم علم و فضل کی سلطنت کا وارث رہا ہے۔ آج پھر ایک بار سرزمین طیبہ پر دین و دنیا کے دو دھارے باہم ملکر بہنے والے ہیں۔ اور اہل مدینہ دنیا کی دولت اور دین کی ثروت سے بھرپور حصہ پانے والے ہیں۔ یہاں دین و دنیا کا حسین امتزاج نظر آنے والا ہے۔ آج باقی اور فانی، دونوں طبقوں کا شوق، ذوق شہزادی خاتون بنت امیر مسعود اور رئیس العلماء صدر الدین اصفہانی کے انتظار میں چشم براہ ہے۔

امام ابن جبیر اندلسی رحمۃ اللہ علیہ نے دونوں بزرگوں کی تشریف آوری اور ان کے فیوض و برکات کا چشم دید حال اپنے سفرنامہ میں بیان کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ آج ہم نے مدینہ منورہ میں عجیب و غریب منظر دیکھا۔ ہمارے مدینہ منورہ پہنچنے کے چوتھے دن ۶ محرم ۵۸۰ھ کی شام کو خاتون بنت امیر مسعود مدینہ منورہ پہنچیں۔ وہ اپنے ہودج میں سوار تھیں جس کے ارد گرد دوسرے ہودجوں میں ان کی رشتہ دار خواتین اور باندیاں سوار تھیں، قراء آگے آگے قرآن حکیم کی تلاوت کرتے ہوئے چل رہے تھے۔ اور حشم و خدم اور محافظ ان کی سواریوں کے آگے پیچھے لوہے کے گرز لئے چل رہے تھے استقبال کرنے والوں اور تماشائیوں کی بھیڑ کا یہ عالم تھا کہ لوگ ٹوٹے پڑتے تھے۔ اور حافظ دستہ چوبچی آواز لگاتا اور لوگوں کو ہٹاتا ہوا آگے بڑھ رہا تھا۔ حتیٰ کہ اسی بھیڑ بھاڑ میں خاتون مسجد نبوی کے دروازہ تک پہنچ گئیں، اور ہودج سے اتر کر مواجہہ شریف تک گئیں، حشم و خدم بلند آواز سے ان کے حق میں دعائیہ کلمات کہہ رہے ان کی شان و شوکت کا مظاہرہ کر رہے تھے، خاتون نے نہایت ادب و احترام اور تمکنت و وقار کے ساتھ روضۂ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس بارگاہ میں صلوٰۃ و سلام کا نذرانۂ عقیدت پیش کیا۔ پھر وہاں سے ہجوم کے ساتھ روضۂ جنت میں آکر نماز ادا کی۔ لوگ شوق دید کے مارے ایک دوسرے پر ٹوٹے پڑ رہے تھے۔ اور خدام ان کو ہٹاتے تھے۔ اس کے بعد مواجہہ شریف کے پاس منارۂ جبریل کے قریب پردہ کے اندر بیٹھ گئیں۔ جہاں حضرت جبرئیل علیہ السلام وحی لیکر اترتے تھے۔ خاتون پردہ کے اندر تھیں اور آس پاس محافظ و خدام پہرہ داری کر رہے تھے۔ وہ ان کو جو حکم کرتی تھی اسے فوراً بجا لاتے تھے چنانچہ اس نے … کے دو گٹھر منگوائے جن میں مسجد نبوی اور روضۂ مقدسہ کے خدام اور فقراء مدینہ … اور خیرات و صدقات تقسیم … وہ رات گئے تک اس مقدس مقام میں بیٹھ کر جود و سخا اور صدقات و خیرات کا دریا بہاتی رہی۔

خاتون بنت امیر مسعود صدقات و خیرات لٹا ہی رہی تھی کہ مسجد نبوی میں اعلان ہوا کہ رئیس العلماء امام صدر الدین شافعی اصفہانی تشریف لا رہے ہیں۔ اور ان کا وعظ ہوگا۔ یہ خبر تھی کہ اس خبر کے سنتے ہی پوری مسجد نبوی بھر گئی۔ اور لوگ ان کا وعظ سننے کیلئے چاروں طرف سے ٹوٹ پڑے۔ امام صدر الدین کے علم و فضل کا شہرہ ہر طرف تھا۔ وہ ایک قدیم علمی و دینی خاندان کے عالم و بزرگ تھے خاتون بنت امیر مسعود بھی ان کا وعظ سننے کے لئے رکی رہی۔ بعض وجوہ سے وہ کچھ رات گئے تشریف لائے ان کے آتے ہی مسجد نبوی میں عجیب رونق پیدا ہو گئی۔ … لوگ شدت انتظار سے بے چین تھے روضۂ مقدسہ کے بازو میں کرسی رکھی گئی، پہلے قراء نے نہایت روح پرور اور دلکش آواز و لہجہ میں قرآن حکیم کی تلاوت کی اور حاضرین و سامعین پر عجیب و غریب کیفیت طاری ہو گئی۔ شیخ صدر الدین اصفہانی کرسی پر اس طرح بیٹھے کہ روضۂ اقدس پر نظر تھی … اور ان کی آنکھوں سے خشیت و ندامت کے آنسو جاری تھے اس کے بعد انہوں نے اپنا وعظ شروع کیا … تقریر و خطابت کا سحر کام کر رہا تھا۔ عربی و فارسی دونوں زبانوں میں وعظ بیان کیا۔ اور وعظ میں … اور دلکشی پیدا ہوئی کہ سارا مجمع … روتا تڑپتا ڈوب گیا۔ اثنائے وعظ میں شیخ صدر الدین برمحل اشعار بھی پڑھتے جاتے تھے۔ ایک شعر بار بار دہراتے تھے اور روضۂ اطہر کی طرف اشارہ کرتے تھے …

(باقی صفحہ دیگر)



شہر گنگولی تیرا ساحل مجھے محبوب ہے
اس کی جاں پرور فضا مرغوب ہے مطلوب ہے

تیرا ساحل یوں لگے جیسے کوئی چاندی کا فرش
تیرے ساحل کی زمیں میری نگاہوں میں ہے عرش

تیرے ساحل پر بچھی ہے اس طرح روپہلی ریت
جیسے چاندی کا ہے بستر، جیسے ہے روئی کا کھیت

صبح کی پہلی کرن ذرات کو چھونے لگی
شاعر بسمل کے احساسات کو چھونے لگی

تیرے ساحل کی حسیں موجوں میں ہے اک دلکشی
ان کی متوالی صداؤں میں ہے دل کی زندگی

وہ سکوت شام وہ تنہائی صبح نشاط
وہ سرود موج ساحل وہ نوائے انبساط

تیرے ساحل پہ نسیم جاں فزا کا رقص ہے
ہر طرف واللہ جنت کی ہوا کا رقص ہے

تیرے ساحل کی خموشی پہ ہے میرا دل نثار
اس کا سناٹا ہے میری روح کا فصل بہار

چشم فطرت میں ترا ساحل ہے فردوس بریں
شاعر دلگیر کو ملتا ہے دل کا سکھ یہیں

مدعائے شاعر رنگیں نوا سمجھے کوئی
ساحل پر کیف پر آنے کی دعوت دے کوئی

شاہراہ عام کے نزدیک ہے ساحل ترا
یہ نظارہ واقعی ہے دید کے قابل ترا

شہر گنگولی ترا ساحل ہے فطرت کی بہشت
اس کا ہر گوشہ ہے ارباب بصیرت کی بہشت

REGD. NO
M. H. BY
SOUTH
590/

NAQSH-E-NAWAYATH

FORTNIGHTLY

FATIMA MANZIL
OPP. SABU SIDDIK
MUSAFIR KHANA
BOMBAY-400 001

نقش نوائط اردو کے آئینے میں

السلام اے نگہبانِ حرم

ترفع ادارۃ نقش نوائط اعطر التھانی وافضل التحیات الی جلالۃ الملک خالد بن عبد العزیز آل السعود المفدیٰ وذلک بمناسبۃ صحۃ جلالۃ الملک من الداء العضال بفضل اللہ سبحانہ وتعالیٰ، وندعو اللہ تعالیٰ ان یرعاہ بکل صحۃ وعافیۃ ویطیل عمر حارس الحرمین الشریفین ذخراً للاسلام والمسلمین، وان یوفقہ لکل ما یحب ویرضیٰ،

ونجد فی اعماق قلوبنا علاقۃ المحبۃ بملیکنا المعظم علی ... ماتہ الجلیلۃ العامۃ المفیدۃ لابناء الشعب والعالم للاسلامی التی رفعت مستوی المسلمین فی ھذہ الظروف الجارحۃ والایام المریرۃ، بکل اخلاص۔

ونرجو من الملک المعظم ان ینظر الی احاسیسنا الخالصۃ بنظر القبول والاستحسان والباری یرعاہ،

> سینکڑوں سال قبل نخلستانِ عرب سے آئی ہوئی نوائط برادری نے نارجیلستانِ ہند کی فرحت بخش چھاؤں میں سکونت اختیار کی تھی۔ وہ اب اس سرزمین کا ایک اٹوٹ حصہ بن چکی ہے۔ لیکن زمانے کے تغیرات نے نوائط برادری کی ایک کثیر تعداد کو اقتصادی اور معاشی ترقی کے خاطر پھر سے اپنے آبائی وطن کی طرف متوجہ کیا ہے۔ نوائط آبادی کے گوشے گوشے میں یہ خاموش اقتصادی انقلاب کا اثر محسوس کیا جا رہا ہے۔ انہیں جذبات سے متاثر ہو کر قوم نوائط کے حساس شاعر پیام سعیدی نے جو وطن سے دور بہت مشہور اور وطن والوں کے لئے گوشہ نشیں ہیں۔
>
> جناب عظیم عسکری کی فرمائش پر امیر عرب شاہ خالد کے اعزاز میں ایک شاعر کے بہترین تاثرات پیش کئے ہیں ۔ (ادارہ)

پیام سعیدی

السلام اے شاہِ خالد اے نگہبانِ حرم
السلام اے حق شناس اے واقفِ شانِ حرم
السلام اے میزبانِ جاں نثارانِ حرم
السلام اے قاسمِ اکرام و فیضانِ حرم

خادمِ حرمین اے محبوبِ ملت السلام

السلام اے عاملِ قرآن و سنت السلام

آپ ہیں بے شک ریاضِ محترم کے تاجدار
آپ ہی کے دم سے ہے گلزارِ فیصل میں بہار
خلق و ایثار و عمل کا آپ بحرِ بے کنار
آپ ہی سے ہے مسلمانانِ عالم کا وقار

ہیں امیرِ حج مسلمانوں کے قائد آپ ہیں

ظلمتوں میں آفتاب اے شاہ خالد آپ ہیں

آپ میں انگڑائی لے پھر روحِ خالد بن ولید
آپ کا جوشِ عمل بن جائے نصرت کی نوید
دیدۂ عالم کو پھر ہو جائے سیف اللہ کی دید
آپ ہیں بے شک مسلمانانِ عالم کی امید

مردہ روحوں کو تڑپ حق کی عطا کر دیجئے
ہر مسلماں کی رگوں میں بجلیاں بھر دیجئے

مسجدِ اقصیٰ کا اور بیت المقدس کا وقار
کر رہا ہے آپ کے جہد و عمل کا انتظار
ہے یہی خونِ شہیدانِ فلسطیں کی پکار
وقت کا پیغام یہ ہے اے عرب کے تاجدار

لے کے آپ اک بار پھر اسلاف کی خوبی اٹھیں
لے کے پھر شانِ صلاح الدین ایوبی اٹھیں

بن کے محمود آپ توڑیں سامراجی سومنات
پھر ہو آئینِ محمد سے یہودیت کو مات
آپ بتلا دیں مسلمانانِ عالم کو یہ بات
ہے جہادِ فی سبیل اللہ عنوانِ حیات

یہ بھی ملت کو بتا دیں دے کے پیغامِ جہاد
اہلِ حق کی فتح ہوتی ہے رہینِ اتحاد

ہو یہی نعرہ مسلمانانِ عالم ایک ہوں
سب کے آئین ایک ہوں اور سب کے پرچم ایک ہوں
سب کی منزل ایک ہو دل ایک ہو دم ایک ہوں
آپ کی اعلیٰ قیادت میں اگر ہم ایک ہوں

حق یقیناً ہر جگہ باطل پہ نصرت پائے گا
بالیقیں خیر القرون کا دور پھر آجائے گا

پھر ہر اک رشتے سے بڑھ کر رشتۂ توحید ہو
ربِ دو عالم کی حاصل آپ کو تائید ہو
آپ کی جہدِ مسلسل فتح کی تمہید ہو
آپ کا ہر فیصلہ ناقابلِ تردید ہو

ہو قیادت آپ کی سب کیلئے وجہِ نجات
نغمۂ توحید سے گونجیں یہ ساری کائنات

یہ دعا ہے آپ کو دے دے خدا عمرِ خضر
آپ کے فہم و فراست سے ہو دنیا بہرہ ور
آپ چمکیں دہر میں مانند خورشیدِ سحر
آپ کے فیضِ محبت سے ہو ہر ذرہ قمر

در دکھا ہوں آپ درماں نوعِ آدم کے لئے
وجہِ راحت ہوں مسلمانانِ عالم کے لئے

شاعرِ ہندوستاں یہ خادمِ ملت پیام
پیش کرتا ہے خلوصِ دل سے خدمت میں سلام
آپ ہوں رزمِ حق و باطل میں تیغِ بے نیام
بزمِ حق میں بن کے چھلکیں دانش و عرفاں کا جام

آپ سے ملت کو پھر کھوئی ہوئی عظمت ملے
حق ملے نصرت ملے رفعت ملے عزت ملے

يڪجهتي جو علمبردار — اپنو قومي اخبار

نقش نوائط

بمبئي

پندره روزه

جلد ٢ شماره ٣ يڪم جون ١٩٧٧ع مطابق ١٣ جمادي الآخر ١٣٩٧هه قيمت پچاس پيسے

عرب ممالڪ جي ڪوششين

پاڪستان ورلو

عرب ممالڪ جے سربراه شاه خالد ۽ ڪرنل قذافي جي انتهڪ ڪوششين پاڪستانات تين ماه جو سياسي بحران ايتان قريب از قريب ختم زاوُن اشے — گذشته تين ماسا جے خونريز هنگامه بتهر تقريباً ساڙهے تين شين مانشين هلاڪ، هزارون زخمي اني اربون روپيه جو نقصان زاوُن اشے۔

عرب ممالڪ نه صرف آخري حد سر ڀٽو اني حزبِ مخالف بتهر سمجهوتے جي ڪوشش جاري دهرتلے بلڪه ايٹلا سر زالے نقصان جي تلافي سبب خصوصاً سعودي عربستان ڪويت بهرپور مالي اعانت ڪرچو عزم سيت ظاهر ڪرون واٹيت۔

مورخه ٧ مارچ ١٩٧٧ء پاڪستانات عام انتخاب نالاگ زبردست سياسي بحران پيدا زاوُن هوتو۔ ٿيا اليڪشنات ڀٽو جي پاڪستان پيپلز پارٹيڪ زبردست ڪاميابي حاصل زاوُن هوتي۔ تو حزبِ مخالف پارٹيان درشتي قومي اتحاد جو دعوي هوتو ڪه حڪمران پارٹي اليڪشنات وڏلے پيمانه ادير بدعنواني اني غلط حيلے استعمال ڪرون واٹيت۔ لهذا فوج اني عدالت جي زيرِ نگراني دوباره اليڪشن زاوُن ڪاز۔ ڀٽو مانلو ناهي۔ تا باعث مخالف پارٹي زبردست پيمانه ادير احتجاج شروع ڪرون هوتي۔ هنگامے ملڪات شراني فساد برپا زاوُن زبردست جاني اني مالي نقصان زالو۔ ڀٽو مفاهمت سبب لڳاتار ڪوشش ڪيلواني سمجهوته سبب نئي نئي پيش ڪش ڪرتے رهالو۔ مگر هر ڪوشش ناڪام اني حزبِ مخالف پر پيش ڪش نامنظور ڪرتے گيلي۔ بالآخر مجبور اپون وزيرِ اعظم رهاوُن ڪاز يانا ڪها ڪا بلون عوامي رائے گهينو جاسبب REFERUNDUM استصواب رائے قائم ڪرو جو اعلان ڪيلو۔ مگر مخالف گروپ لٹس سے مس زالونا هي۔ سادهه ڪوشش ناڪام زالا مگر رختا جي بيڪار ڪامياب زالي۔ ڪراچي، لاهور اني ملتان بتهر وهاوُن گيلے بے گناه رخت ريامن، ڪويت اني ترپولي جے مسلمان رختاڪ آواز دلے۔ هي آواز رنگ هاڙلي۔ حزبِ مخالف مفاهمت سبب ڀٽو سرن گفتگو ڪروڪ آماده زاوُن واٹيت۔

ايان پاڪستانات هنگامے مڪمل بند زاوُن امن وامان قائم زاوُن اشے۔ مورخه ٣ جون ڀٽو اني حزبِ مخالف مفاهمت جي گفتگو سبب ملنلے واٹيت۔

خبر اشے ڪه عرب ممالڪ سمجهوته سبب ايڪ بهترين فارمولا مرتب ڪرون واٹيت۔ فارمولا تحت موجوده ڪابينه معطل ڪرون دتلي۔ مگر ڀٽو وزيرِ اعظم جے عهده ادير بحال رهاتلو۔ فوج اني عدالت جي زيرِ نگراني آئنده اليڪشن زاتا سر حزبِ مخالف جي شموليت سرن ايڪ عارضي غير جانبدار حڪومت قائم زاتلي۔ اميد اشے ڪه عرب فارمولا سبب ساميون راضي زاتلے۔ اگر خدانخواسته راضي زا نا تلان مُنْ شاه خالد اني ڪرنل قذافي بذاتِ خود پاڪستانات ليون الپي ڪوشش جاري دهرو نچو عهد ڪرون واٹيت۔

اسمبلي ٹڪٹے چو سٹه بازار

وزيرِ داخله چرن سنگه اسمبلي اليڪشن جے اعلان سبب ڪيلي جلد بازي خود جنتا پارٹي سبب ايڪ دردِ سري زاوُن اشے۔ اليڪشنا جو اعلان زالے برابر هر صوبه بتهر جنتا پارٹي جے آفس سٹه بازار بتهر تبديل زاوُن لشے۔ ٹڪٹ حاصل ڪرو سبب نڪے لوز خيٹے، چور اچڪے" منصف اني مجرم ساميون جنتا ڪيمپات داخل زاوُن ٹڪٹ سبب لوٹ مار شروع ڪرون هوتے۔ ڪو نالي ڪو نالي ناهي۔ ٹڪٹ حاصل ڪروچا سبب ناڪام زالي انشين اپلو الگ الگ گروپ قائم ڪرون واٹيت۔

اُرس چو عرس

ڪارٹو جي تياري

ڪرناٹڪ جے وزيرِ اعلى شري ديوراج ارس خود اپلي حڪومتے ادير بدعنواني جے الزامات جي تحقيقات ڪروچا سبب جج مير اقبال حسين جے تحت ايڪ ايڪ رڪني ڪميشن مقرر ڪرون هوتے۔ ديکها ديکهي مرڪزي حڪومت سيت جسٹس اے ايس گرور جے تحت اپلے طرفين ارس حڪومت جے خلاف تحقيقات ڪروچا سبب ايڪ الگ ڪميشن قائم ڪرون ولے۔ شري چرن سنگه جے ناوار ايڪ سخت ڪاغذ برون واٹيت۔ ارس مانگون دالٹے ڪه جنتا حڪومت اپلي طاقتے جو بے جا مظاهره ڪرتا۔ هيچو نتيجه بهلي خراب زاتلو بلون وزيرِ اعلى مرڪزي حڪومتيڪ تنبيهه ديون واٹيت۔

جنتا اميدوار نندني ست پهتي جے خلاف جنتا پارٹي جے معمار جے پرڪاش جي پرزور مهم

اڑيسه جے انتخابي حلقه ٹڪون جنتا پارٹي جي اميدوار سابق وزيرِ اعلى نندني ست پهتي جے خلاف ايڪ سوودير ليڈر سبب شري جے پرڪاش نراين اپلي بهرپور پشت پناهي جو اعلان ڪرون واٹيت اني نندني ست پهتي جي نامزدگي رد ڪروچا سبب جنتا پارٹي ڪٹے گذارش ڪرون واٹيت۔

يحيى جو ريڪارڈ هر شاپرن صاف

ارس وزارت جي ڪم وبيش سادهه وزرا خلاف ڪائيں نه ڪائيں الزامات مختلف ذريعان منظرِ عام ادير لون اشے۔ مگر شڪر اشے ڪه وزيرِ تعليم داو ماف يحيى صاحبا نچے خلاف ازدن ڪونسيو الزام اخباري سطح ادير اپلو ناهي۔ هي ڪچه لوهي بلڪه يحيى صاحب ڪونسيو گروپ جي رسه ڪشي بتهر شامل اسلو يا ڪونسيو معاملات بتهر ملوث اسلو ازون سر ايڪو واقعه سامنے اپلو ناهي۔ هي بحراني دورات يحيى صاحب اپلو اخلاق اني ڪردار بحال دهرو نچا بتهر بفضلِ تعالى ڪامياب زاوُن واٹيت۔ اقتدار ادير اسلانون نا تلا لون الله تعالى تنڪاڪ اشي ڪچه بهتر سبب ڪامياب دهرو۔

جنتا لهر ختم

جنتا ليڈر پيلو موڈي

ڪانپور بتهر مورخه ١٩ مئي بروز جمعه جنتا پارٹي ليڈر پيلو موڈي بيان ديون واٹيت ڪه لوڪ سبها اليڪشنا جے موقعه نماياں اسلي جنتا لهر ايان ڪهيون ديکهو جلا ايناهي۔ اسمبلي ٹڪٹ سبب زبردست اندروني رسه ڪشي باعث جنتا پارٹي جو ڪردار بتهر بگاڑ پيدا زاوُن لشے۔ بلون جنتا پارٹي جے ليڈر پيلو موڈي سانگون واٹيت۔

جنتا لهر ازون ڪمزور زالي نهيں۔ جارج فرنانڈس

مرڪزي وزيرِ مواصلات جارج فرنانڈيس بيان ديون واٹيت ڪه جنتا لهر اندن ڪمزور زالي ناهي۔ البته لوڪ سبها اليڪشنا جے موقعه اسلا اسلي ايتان نوري ناهي۔ تا سبب ڪه تيں دقتا رما ناشاهي مٹو نچو سوال هوتو۔ ايان قيمت گهٹو نچو سوال اشے۔ نالالون جنتا پارٹي لوزياست بتهر ڪون ڪاميلب زالي بلون وزيرِ مواصلات اسنظاهر ڪرون واٹيت۔

حج ڪرايه سبب احتجاج

گذشته ورسا مقابله بلون ورسا حج ڪرايه بتهر ڈيڪ ڪلاس سبب تقريباً ٣٠٠ شن روپيه جو اضافه زاوُن اشے هو اضافه روڪو نچا سبب جمعية العلماء، مسلم ليگ اني ديگر جماعتو احتجاج ڪرون واٹيتے اني هو احتجاج جتي ضرور رهاڪتے تا سبب دوسري سا هو جماعتو ڪون هي سلسلات احتجاج ڪرتے مرڪزي حڪومتے احتجاجي خطوط ٹيلي گرام وغيره ڦيٽونڪاز تنڪ ڪن ايڪ ثوابا جے ڪام زاتلے۔

شيطاني ناچ جو جهنمي خاتمه

مورخه ٢٩ مئي امريڪه جے ايڪ عياشيں گاوُن سا ٹه گيٹ بتهر اردي راتي ايڪ شبيه ڪلبات انسانيت جو ننگا ناچ چلتلي چار هزار پانچ شين مانساجے مٹها تا ادير موت ناچتي هوتي۔ نائٹ ڪلب بتهر ڪبرے ڈانس چالو اسلتنين يڪايڪ دهڪار سرن اوزود لاگون هوتو۔ چار شين مانشين فوراً هلاڪ زالے۔ بيشمار زخمي واٹيت۔ اوزود لاگو سبب معلوم زالو ناهي۔



اللہ فرموتا

انسانی سرکشی

كَلَّا إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَىٰ أَن رَّآهُ اسْتَغْنَىٰ ... أَلَمْ يَعْلَم بِأَنَّ اللَّهَ يَرَىٰ

(۶) ہرگز۔ نوہیں (لیعنی سچ مچ) بیشک انسان البتہ سرکشی کرتا. (۷) ہیں کر تو اپلا اپون مستغنی (بے نیاز) دلکھتا (۸) بیشک اپلے پروردگارا ہیاری واپسی اتے (۹) کا تو بلاٹے تے ماناس جے کون روکتا (۱۰) بنداک جیتاں تو ناواز پڑھتا (۱۱) کا تو بلاٹے اگر تو رہا تو ہدایت اوپر (۱۲) یا حکم کرت تقویٰ (نکے کا ما) جو (۱۳) کا تو بلاٹے اگر تو زہرٹ بلیت یا توڑ موڑیت (۱۴) کا تیکاک کلے ناہیں کہ بیشک اللہ تعالیٰ (تیمی سرکشی) بلتا۔

گذشتہ آیات یعنی اقرأ باسم ربك الخ تھر اللہ تعالیٰ کٹلے سوگھٹ طریقا ران انا نمر اکش کرتا انی اپلی عظیم نعمتو ذکر کرون انساناک تیمی حقیقت داکھڑتا۔ کا تیمے باوجود انسان انکار کروسکتا؟ لیکن انسان انکار کرتا۔

انساناچی سرکشی انی نافرمانی چی ہی تصویر اللہ تعالیٰ ہی آیات تھر واضح کیدا ٹے اللہ فرموتا کہ " انسان سچ مچ اپلی حدّ سے پوسرن تجاوز کرتا۔ بچانسبب کہ تو اپلا اپون بے نیاز دلکھتا" ایک بھاری اللہ چی بے شمار نعمتو سالیں دھروا انی دوسری بھاری ایک کافرانی سرکش انسانا جے حالات اوپر غور کرا۔ اگر بحیث انسانیت رھاتی انی تو غفلین کام گھنیتو ترین کا تو اللہ چو انکار کرتو۔ سرکشی انی طغیان تھر مبتلا رہا تو ہرگز ناہیں۔ لیکن تو اپلے مال و دولت عقل و دانائی، وجاہت انی حکومت پون گمراہ زاتا انی اپلا اپون بے نیاز دلکھتا۔ کبر و غرور تھر مبتلا زاتا، انی اللہ اسرون سرکشی انی گناہ تھر پڑتا۔ حالانکہ تیمی ہی سرکشی باقی رہاؤ جے ناہیں۔ سبب کہ " تیکاک تیمے اللہ کھاری کھواپس وچوکاز " اللہ فرموتا إِنَّ إِلَىٰ رَبِّكَ الرُّجْعَىٰ۔ یعنی ہر چیز، ہر معاملہ، ہر نیت حتی کہ ہر حرکتے جو علم اللہ تعالیٰ اتے"۔ ہر ایک چیز اللہ کڑے کچھ واپس ولی۔ ہر ان تیمی بارگاہ تھر حاضر کرون دلو خواہ تو نیک زاؤ یا بد۔ مطیع زاؤ یا سرکشی۔ کافر زاؤ یا مومن۔ امیر زاؤ یا غریب۔ بادشاہ زاؤ یا فقیر۔ لیڈر زاؤ یا مزدور ہر الکیو اللہ کڑے واپس دلو۔ سبب کہ ساہوا انسانا۔ ہر چیزے اللہ تعالیٰ کچھ پیدا کیتو۔ اللہ کچھ تیمی حفاظت کرتا۔ تو کچھ علم انی رزق عطا کرتا۔ لیکن انسان جیتاں بگڑتا انی سرکشی اختیار کرتا ترین تو کسلی نازیبا حرکتو کرتلا تیمی تشریح اللہ تعالیٰ خود کرتا کہ" ذرا تے مانساچی حالت پلا جے کون اپلے بنداک ناواز کرو جیتاں منع کرتا۔ انی ذرا ہیں خیال کرا کہ اگر تو بندو صحیح واٹیر رہا تو یا تقویٰ یعنی نکے کاماچی تعلیم دیتو یا ذرا ہیں کون سوچا کہ تو ناہیں جھٹلو تر انی حقیقت رو گردانی کرتو۔ کا تیمو سبب ہر کہ تیکاک اللہ پلتا پون کلے ناہیں۔ ہر عقل استو مانوس

بقیہ صفحہ دیگر پر

اچھے لیڈرز

چند مانسیں پیدائشی لیڈر رہاتات چند مانسے لیڈر شپ حاصل کرتات۔ چند مانساں اوپر لیڈر شپ ٹھونسون وتا۔ چند مانسیں لیڈر شپ جے پاٹر دھاڈتات۔ بعض مانساں نک آرام خوشیر بیسلے رٹے لیڈری حاصل زاتا۔ ہر قومات انی ہر گاوانت ہیں متضاد طور اچھے لیڈر رہاتات۔ مگر رہبری چی صحیح انی فطری صلاحیت دھرتلی مانسیں بھلی کم رہاتات۔ صحیح رہبراچی شخصیت ہجوم تھر ساماں پاسون الگ طور ارنمایاں رہاتا۔

اچھے گاوانت کوں اسلی چند شخصیتو داٹیت۔ مختلف میدانات تیں اپلی دھاک انی اپلو اثر بیرانا داٹیت۔ تی مانسیں تو مقام حاصل کرو جے کچھ ہیں زاپنا چو ثبوت اتے کہ عوام تیمچی لیڈر شپ قبول کرون داٹیت۔

امیں ایک مرتبہ تیمچی قیادت قبول کیلا مک تیمچو احترام کرد جے انی تیمچی ہدایت اوپر عمل کرو جے ضروری اتے خصوصاً سیاسی بحران، اجتماعی تنازعات انی دیگر ہنگامی موقعار تیمچے مشورہ سرنیا کام کرون، حالات سرنیا نمٹو جے اپجے اوپر لازم زاؤن رہاتا۔ قائد چی اطاعت ہر ٹھاوار ضروری اتے مگر نوائط برادری سر کی ایک دھاکلی سوسائٹی تھر قائد جے ساتھ ساتھ مرکزی جماعتاں چی اطاعت چی ضرورت ایک خاص اہمیت دھرتا۔ اپچی مرکزی خصوصیت ہر ٹھاوار مقدم ٹھولان لیڈر شپ سیت مستحکم زاوتچو ایک ذریعہ زاتا۔

اللہ چو لاکھ لاکھ شکر اتے کہ نوائط برادری سب ایتاں بہترین قیادت حاصل اتے۔ چند شخصیتوا اپلی رہبری جے نقوش عواما جے دلات نہایت موثر طور ار ثبت کرون داٹیت۔ ایک ٹھاوار گہرا تجربہ، معاملہ فہمی انی دور اندیشی چو ذخیرہ اشے ترین دوسرے کڑے جدید تعلیم، کام کرو چی اخلاقی انی جوان حوصلہ چو بھنڈار اتے۔ بعض رہبر دینی امور انی شرعی معاملات اوپر فوقیت دھروتات انی بعض رہبر کو نتیو کاماک آگے بڑھوچی انتظامی قابلیت انی مالی استطاعت بھٹوتات۔ ہی مانسیں اپچی قیادت کرتات۔ ہی ایک مجموعی قیادت زالی۔ چند لیڈراں اوپر کوں ایک لیڈر رہاؤں سکتا۔ ہیں لیڈران کون انی حیثیت اہم ترین کون؟ ہیں واضح کرو چی بالکل ضرورت ناہیں۔ سبب کہ ایک زھاڑ کو دیٹے تھر چند وڈلی وڈلی زھاڑے اسلان ہر سالانچی نظرے کڑے دیکھو پڑتا۔ انی تیجیث سااماں وڈلی، دیگ انی تناور ایک دون زھاڑے یقیناً ساماکوں اپلی طرف متوجہ کرتلے۔ وڈلے وڈلے زھاڑاک پھل دھرلان پون زھڑے ترین زھڑے ورنہ امکاک خود زھاڑار ایگون یا کوئی لاؤن پھل توڑ و جے کام پڑتا۔


ھینچے بموجب اپجے معاشرہ تھر مانون گیلے ایک دون رہبران داٹیت۔ ہیں اپچی رہبری کرتے داٹیت بعض ٹھاوار اختلاف رہاتا۔ تنکا تیو کرون دیا۔ مزدیچی انی منو چی کوشش سیت زاؤن وتا۔ چند مانسا چو اختلاف بعض وقتار باقی کوں رہاتا۔ مگر مجموعی طور ار لیڈرا اپچی زاینی مانون وتا۔ کائیں وقتار اگر لیڈران کو نتیو مصلحتین یا مجبور ین خاموش داٹیت ترین، خود عوام تیمچے کڑے جون تیکاک تیمچی ذمہ داری چو احساس دیو جے انی ہنگامی دبحرانی دورات تیمچے سرنیا رائے مشورہ کرون تیمچی ہدایت اوپر عمل کرد جے ضروری اتے۔ تھو کڑے لیڈران حقیقتاً کوہ طور پرین واقع زاتات۔ اسلے ٹھاوار عواماک موسلی زاؤن کوہ طور اوپر چڑھون ہدایت حاصل کرو جے کام پڑتا۔

رہبری انی اطاعت تھر ہمیشہ ایک گہرا مجموتہ رہاؤنکاز۔ خوشحالی یا بدحالی، کامیابی یا ناکامی، کرنتیو ٹھاوار خلوص انی فرمانبرداری چو ساتھ سوڑونزجے رہبر وڈلو سے وڈلو مقام حاصل کیلاؤں اپلو فوڑو مقام ہر سرو جے۔ اپلے گاوانک انی گاوانچی دھاکلی دھاکلی مانساننک بالکل فراموش کرو نزجے۔ در اصل تیکاک وڈلے مقام اوپر یاوت کرون وڈلی گری دیتلے ھیچو دھاکلی مانسیں۔

عوام چڑھتے سورا جے پوجاری رہیں، اپلے لیڈران اقتدار اوپر استنیں تیمچی خوش آمد کرون، اقتدار ٹھکون الگ زالا مک تیمچی لاپرواہی کرو نزجے بلکہ اقتدار ٹھکون ہٹلاگ کچو ایک لیڈر عواما چی بھرپور اعتماد چو زیادہ خواہاں رہاتا۔ فلاں لیڈرا چو سیاسی اثر و رسوخ اسلانوں یا ناتلانوں یا فلاں لیڈر منسٹر یا اسمبلی ممبر اسلانوں یا ناتلانوں قومی محاذ اوپر تیمچی لیڈر شپ جے لقو تھر کائیں فرق پڑے ناہیں۔ ہر حالت تھر تیمچی قیادت قبول کرون وچوکاز۔

آز رہبری انی اطاعت تھر مجموتہ چو عملی ثبوت دکار اتے۔ کچا ایک مسائل اپجے سامنیں اتے۔

بقیہ صفحہ دیگر پر



گروے بنیاچی گروی زاینی

انسانی اعمال

حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتات کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرموے طہور یعنی پاک رھاؤچے اردو ایمان اتے۔ انی الحمد للہ بو جے (اعمال چو) ترازو بھرتا۔ انی سبحان اللہ انی الحمد للہ بھرتی یا فرموے کہ ہر ایک کلمہ بھرتاتی چیز سبح کو تیتی آسمان انی زمینے درمیانے اتے۔ ناواز نور اتے۔ صدقہ دلیل اتے۔ صبر کرد جے روشنی اتے انی قرآن تجے سبب یا تجے اوپر دلیل اتے۔ ہر مانس فلے سکن کرتا نزے تو اپلے جیو ا کیتا۔ یعنی اپلو جو اپلے کامات لاؤتا۔ لہٰذا تو اپلو جو آزاد کرتا یا ہلاک کرتا (مسلم شریف)

ایتاں امیں طہارت چو بیان شروع کرتاؤں۔ ہی حدیثیں پاکیزگی انی طہارت چی جلی زیادہ عظمت انی فضیلت چو اظہار زاتا انی معلوم زاتا کہ اسلام تھر طہارت چو کا مقام اتے۔ تا سبب کچو پاک رھاؤ، پاک اردو ایمان فرمون گیلا تے۔ وجہ ظاہر اتے کہ ایمان ٹرلان دھاکلے انی وڈلے ساہر گناہ معاف زاتا۔ انی وضو حرف دھاکلے گناہ بخشتا۔

سبحان اللہ انی الحمد للہ چو ورد وڈلی فضیلت چو حامل اتے انی ہیجی اہمیت اٹیل اتے کہ اگر ہیں جسم زالان تحبیں آسمان انی زمینے جے درمیانے اسکو سگلو خلا بھرون وشیت۔

ناوز یک نور فرمون گیلا ہا۔ سبب کہ ناواز قبرے جے انی قیامتے جے اندھارات ازواڑ پیدا کرتلی۔ یا ناواز مومن بنداک گناہ انی نو خطے کاماں ورو تا۔ یا ہی ناواز مومن بنداں جے دلاک اللہ چی معرفت جے ازواڑان منور کرتا۔ انی عبادت الٰہی ناواز ادا کرتلاجے تو ٹھار سعادت انی نیک بختی چی چمک پیدا کرا۔

صدقہ دلیل ہیانسبب کہ صدقہ مومن بنداں جے ایمانے جے دعویٰ چی صداقت انی اللہ چی محبتے اوپر دلالت کرتا یا قیامتے دیسا اللہ سوال کیلا مک کرمیں تکاک مال و دولت دیلو ہرتوں تومیں تو مال کھیں خرچ کیلے یعنی نکی واٹیر خرچ کیلے یا نرخطے کاماں سبب صرف کیلے تیتاں صدقو بطور برہان اوبے رہاؤں ساکتلو کہ یا اللہ تو جو مال غلط راستار خرچ زالو ناہیں بلکہ تو جی واٹیر انی تو جی رضا سبب خرچ کرون گیلو۔

صبر مکمل روشنی پون گیلا ہا۔ صبر پلاں گناہ پوسرن درو جے عبادت تھر مستعد رھاؤ جے انی کونتیوں تکلیف انی مصیبت وقتار آہ و بکا رڈنے پٹنے وغیرہ کرسے ناتون صبر کرو جے زاؤن رہاتا۔ مکمل روشنی ہیانسبب کہ صبر کرتلا جے دل انی دماغ ایمانی عزم انی یقین محکم جے اُزواڑان منور رہاتا۔ انی تو دین و دنیا جے ہر موڑ اوپر کامیاب زاتا۔

قرآن شریف دلیل اتے یعنی تو میں قرآن پڑھلے۔ تیمے اوپر عمل کرتلے ترین قرآن تمکاک نفع دیتلو انی عمل کرے ناتلان نقصان چو باعث زاؤں سکتا۔

بقیہ صفحہ دیگر پر

آپچی تازہ خبر

ذرا تانوہ، ذرا شیلی

لوائط ـــ اپچی برادری

بھٹکل خبرنامہ

انجمن سبب ایک پورسو وقف

جناب الیس ایم سید عبدالقادر صاحب (الیں ایم بی کالیکٹ) لیلے ایک ناآپورسوا انجمن وائی سلین سبب وقف کردن وائیت۔ ہیں پورسو فروخت کردن قیمت انجمن گرلز اسکول عمارت توسیع کرد جاۓ خرچ کردن وتلی۔ ہیں سلسلات سالعہ پندرہ شین روپیہ انجمن گرلز اسکول چی مسلم طالبات سبب وظیفہ دلوٗن وتلو۔ ہو وظیفہ انجمن دیتلی۔ موصوف اپلی والدہ محترمہ مرحومہ چے ایصال ثواب انی یادگار سبب ہو گرانقدر عطیہ انجمناک دلیون وائیت۔

عید کمیٹی چو کامیاب دور

۱۹۷۲ ابھتر عید الفطر رائیک چند مخلصین چی کوششین دونیوں جماعتو متحد زاوُن ستانا داز عیدگاہ بھتر زاوُ پچھے طے زاوُن ہوتے۔ میمیاں تی ایک بنیادی تجویز ماتحت ایک عیدگاہ انتظام کمیٹی ترتیب دلوٗن پانچ ورس سر ہی دون جماعتاں متحدہ کمیٹیک نافذ ے چو انتظام کرد چی ذمہ داری سونپون گیلی ہوتی۔ ہی کمیٹی چے صدر جناب شاہ بندری محمد اسماعیل انی نائب صدر جناب گوائی محمد میراں صاحب، سکریٹری جناب محی الدین منیری، نائب سکریٹری جناب علی سکری صاحب انی خازن جناب محتشم عبدالغنی صاحب ہوتے۔ ہی کمیٹی تجویز مطابق پانچ ورسے مکمل کردن ایاں دونیوں جماعتاں کڈے دوسری کمیٹی منتخب کرو ک گذارش کرون والے۔ عید کمیٹی چے سکریٹری جناب منیری صاحب جماعتاں کڈے پانچ سالہ حساب انی اپلو رپورٹ سیت پیش کردن وائیت۔

ہائی اسکول چے تجربہ کار اساتذہ طویل چھٹی اوپر

• انجمن ہائی اسکول چے تجربہ کار انی مقبول ترین استاد جناب الیس ایم سید جعفر صاحب بی اے بی ایل بی ایڈ ایک طویل مدت بہترین خدمات انجام دلوٗن ایاں دوبئی روانہ زاوُن وائیت۔ موصوف ایک لمبی چھٹی طلب کرون وائیت۔ ماسٹر جبنڈی کٹے بھلی عرصہ دھرون انجمن اسکولات سام کرتلے۔ مذکورین سیت دوبئی وسو چے خیالاں طویل چھٹی طلب کرون وائیت بلون خبر اسئے۔

جامعۃ الصالحات چی نوی عمارت

جامعۃ الصالحات چی نوی عمارت تعمیر کرو ک الصالحات ٹرسٹ سلطان سائیٹ اکڑا اوپر دہا گنٹو ٹھلاو حاصل کرون والے۔ مولانا قاری محمد طیب صاحبا ہاتھین سنگِ بنیاد دہرون گیلو ہوتو۔

ایاں فوڑے اسلئے ٹھاوار مدرسہ بھتر طالبات چو داخلہ شروع زاوُن اسئے۔ میٹرک سر تعلیم حاصل کیلی طالبات سبب ایک خصوصی کلاس جاری کرد چی تجویز اسئے۔ کم از کم اردو سات کلاس پڑھلی چڈوانچو داخلہ زاتلو۔ ضرورت مند طالبات مدرسہ ٹیکون فارم حاصل کر و ک سکتیت۔

نوایت کالونیت چڈوانچی تعلیمے چو انتظام

مجلسِ ملیہ طرفین ابولی چڈوانچی تعلیم سبب نوایت کالونیت چار کمرہ چی ایک عمارت زیرِ تعمیر اسئے۔ ایک ماہ بھتر بلڈنگ مکمل زاو چی امید اسئے۔

• مجلسِ ملیہ ہی عمارتیت دون کمرہ چھٹی انی ساتوین جماعتے چے طالبات سبب مخصوص کرون والے۔ نرسری کلاسا سبب ایک کمرہ دلیو پچھے طے زاوُن اسئے۔ خیال اسئے بچی ایک کمرات مجلسِ ملیہ ٹیلرنگ کلاس جاری کریت۔ نرسری اسکولا سبب مجلسِ ملیہ طرفین ضروری فرنیچر انی سامان سیت دلیو پچھے طے زاوُن اسئے۔

ملیہ کوآپریٹیو سوسائٹی

تین ماہ دھرون سوسائٹی ماتحت کالونیت ایک انگڈ کامیاب طور ار چالتے اسئے۔ ہی انگڈی سبب تقریباً ۲۷ہزار روپے چے شیئر جمع زاوُن اسئے۔ سوسائٹی چے صدر جناب سعد احسن باپا صاحب انی سکریٹری جناب خلیفہ علی صاحب وائیت۔ حکومتے طرفین سکر، تاندول وغیرہ ہول سیل پیمانہ اوپر کاروبار کرو چی پیش کش اپلی ہوتی۔ سوسائٹی چو ارادہ اسئے کہ شیئر کیپٹل ایک لاکھ روپیہ کرون کاروبار ڈو کرو کاز۔ فی الحال مبلغ کانی ناتون رہاوُنچاں سرِدست ہول سیل کاروبار کرو ک زاوُ پچھے ناہیں۔ بلون بروُن گیلے اسئے سوسائٹی اپلی خود انگڈ باندھو چا سبب حکومتے کڈے ایک ٹھاوُ طلب کرون والے۔ امید اسئے کہ ہو ٹھاوُ منظور زائیت۔

نور مسجد چے آس پاس ترقی چو منصوبہ

مسجدِ نور چے آس پاس "نور جماعت" چے تحت ترقی چے آثار نمودار اسئے۔ درگاہ چے اطراف چو ٹھاوُ نور جماعت چے تحویل جماعت المسلمین دیون والے۔ ہیں ٹھاوار چے کامیں آمنی زائیت جماعت المسلمین تحیت حصہ دار رہاتلی درگاہ انی عیدگاہ روڈ درمیان مدرسہ باندھو چا سبب ایک ٹھاوُ حکومتے طرفین نور جماعت چے ناوار منظور زاوُن اسئے۔ ہیں سگلا منصوبہ پورا کرو ک تقریباً ڈھائی لاکھ روپیہ چو اندازہ کرون گیلو اسئے۔ کافی رقم نور جماعتے کڈے جمع زاوُن رہائیت۔ یا و علیہ زاوُن رہائیت۔ پروگرام مطابق کام زاوُن ایلان نور مسجد چے آس پاس کافی چہل پہل انی

رونق رہاتلی۔ خبر اسئے کہ منصوبہ مطابق کام کرد چا سبب بنگلور انجینیئر مشیر الدین صاحبانک پلان کاڑو ک حوالہ کرون گئے اسئے۔ مذکورین ٹھاوُ بذاتِ خود پلون گیلے زائیت۔

قدوائی روڈ پرائمری اسکول سبب ٹھاوُ منظور

تقریباً چھ ورس تیں زالی۔ قدوائی روڈ اوپر تینگاچی جماعتے چی کوششین ایک پرائمری مدرسہ جاری زاوُن اسئے۔ ہیں مدرسہ چو کرایہ انجمن دیتی ہوتی۔ ایاں حکومتے طرفین کرایہ منظور زاوُن اسئے۔ ہی جماعتے چے ذمہ داراں چی کوششین مدرسہ باندھو ک حکومت طرفین پانچ گھنٹے ٹھاوُ منظور زاوُن اسئے۔ جماعت مدرسہ چے تعمیر سبب فنڈ سیت جمع کرون والے۔ عنقریب تعمیری کام شروع زائیت بلون امید اسئے۔

مسجد بلال سبب فنڈ چی ضرورت

مگلی ہونڈا بھتر مسجد بلال چی بنیاد گھالون کافی عرصہ زالو۔ مگر فنڈ جمع زاناتوں اندن کام مکمل زالنے نائیں۔ مسجدے چی تعمیر باعثِ خیر و برکت اسئے۔ جذبۂ خیر دھرد تلی ماتشیں فوڑے بڑھون مزگتی چے کام مکمل کرد کاز۔

مولانا ابرار الحق صاحبانچی تشریف آوری

مورخہ ۲۳ر اپریل ۷۷ء بو سرپرستِ جامعہ اسلامیہ حضرت مولانا ابرار الحق صاحب بھٹکلے یون وہتے۔ مولانا چو قیام جامعہ آباد بھتر تین دیس سر وہتو۔ جامعہ بھتر قیام چے دوران مولانا چے مختصر مگر جامع بیانات اکثر نماز ے مگ رہاتے وہتے۔

مورخہ ۲۴ر اپریل ۷۷ء بر بعد نماز عشاء جامعہ مزگتی مولانا چو عام بیان وہتو۔ حاضرین کثیر تعداد بھتر شریک وہتے۔ غیبت انی بدگمانی چے نقصانات دیگر دینی و دنیوی امور اوپر مولانا اپلے زرین مؤثر خیالات چو اظہار کرتے تفصیلی خطاب کیلے۔ مورخہ ۲۶ر اپریل ۷۷ء بو مولانا چی روانگی زالی۔

جامعہ اسلامیہ طرف توجہ چی ضرورت

(از خصوصی نامہ نگار)

